تحقیق میں شرکت کی رضامندی

آپ سے ایک تحقیقی مطالعے میں شرکت کی درخواست کی جا رہی ہے۔

اس سے پہلے کہ آپ اتفاق کریں، تحقیق کار کو چاہیے کہ آپ کو اس تحقیق کے (i) مقاصد، ضابطے اور تحقیق کی مدت؛ (ii) تجرباتی نوعیت کے کسی ضابطے؛ (iii) تحقیق کے معقول حد تک قابل پیش بینی خطرات، تکالیف اور فوائد؛ (iv) کسی ممکنہ مفید متبادل ضابطوں یا علاج؛ اور (v) رازداری کو برقرار رکھنے کے طریقے کے بارے میں لازماً بتائے۔

جہاں اطلاق ہوتا ہو تحقیق کار کو چاہیے کہ آپ کو (i) چوٹ لگنے پر کسی دستیاب معاوضے یا طبی علاج؛ (ii) ناقابل پیش بینی خطرات کے امکان؛ (iii) ایسے حالات جب تحقیق کار آپ کی شرکت روک سکتا ہو؛ (iv) آپ پر واجب ہونے والے اضافی اخراجات؛ (v) آپ کے شرکت کرنے کے فیصلے پر اور شرکت روک دینے کے فیصلے پر کیا ہوگا؛ (vi) آپ کو اُن نئے نتائج کے بارے میں کب بتایا جائے گا جو شرکت کے لیے آپ کی آمادگی پر اثر انداز ہو سکتے ہوں؛ (vii) تحقیق کے لیے جمع کی گئی معلومات کا کیا ہوگا؛ (viii) اور مطالعے میں کتنے افراد شریک ہوں گے۔

اگر آپ شرکت سے اتفاق کرتے ہیں تو آپ کو اس دستاویز کی ایک دستخط شدہ نقل اور تحقیق کی تحریری تلخیص آپ کو لازماً دی جانی چاہیے۔

جب بھی آپ اس تحقیق کے بارے میں کوئی سوال پوچھنا چاہیں تو آپ ____________ سے فون نمبر ____________ پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ تحقیق میں آزمائشی مریض کی حیثیت سے اپنے حقوق اور اس بارے میں سوالات پوچھنا چاہیں کہ آپ کو چوٹ لگ جائے تو کیا کرنا ہوگا، ____________ سے فون نمبر ____________ پر رابطہ کریں۔

اس تحقیق میں آپ کی شرکت رضاکارانہ ہے اور اگر آپ شرکت سے انکار یا شرکت روکنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو نہ آپ پر کوئی جرمانہ ہوگا اور نہ ہی آپ کسی مراعات سے محروم ہوں گے۔

اس دستاویز پر دستخط کرنے کا مطلب یہ ہے کہ یہ تحقیقی مطالعہ جس میں مندرجہ بالا معلومات شامل ہیں آپ کے سامنے زبانی طور پر بیان کر دی گئی ہیں اور یہ کہ آپ اس میں رضاکارانہ شرکت سے متفق ہیں۔

____________ ____________

دستخط شرکت کنندہ تاریخ

____

شرکت کنندہ کا نام واضح تحریر میں

____________ ____________

دستخط گواہ تاریخ